دار الفلاح
تعلیم بالغاں کورس ۲

۴۰ روزہ
تربیتی کورس

چالیس آیاتِ احکام
چالیس مسنون دُعائیں
زکوٰۃ وفطرہ کے بنیادی مسائل اور اغلاط العوام

پسند فرمودہ

حضرت مولانا مفتی محمد خالد صاحب دامت برکاتہم العالیہ
استاد الحدیث ومہتمم جامعہ دار العلوم الاسلامیہ ہالہ سندھ

حضرت مولانا مفتی ڈاکٹر منظور احمد مینگل صاحب دامت برکاتہم العالیہ
استاد الحدیث جامعہ فاروقیہ ومہتمم جامعہ صدیقیہ کراچی

مرتب
مولانا مُفتی احمد خان صاحب
اُستاذ و رفیق شعبہ دار الافتاء، جامعہ فاروقیہ کراچی
امام وخطیب جامع مسجد الفلاح (ٹرسٹ)

مکتبۃ الارشاد

دار الفلاح
تعلیم بالغاں کورس ②

۴۰ روزہ

تربیتی کورس

چالیس آیاتِ احکام
چالیس مسنون دُعائیں

زکوٰۃ و فطرہ کے بنیادی مسائل
اور اغلاط والعوام

پسند فرمودہ

حضرت مولانا مفتی محمد خالد صاحب دامت برکاتہم العالیہ
استاد الحدیث و مہتمم جامعہ دار العلوم الاسلامیہ ہالہ سندھ

حضرت مولانا مفتی ڈاکٹر منظور احمد مینگل صاحب دامت برکاتہم العالیہ
استاد الحدیث جامعہ فاروقیہ و مہتمم جامعہ صدیقیہ کراچی

مرتب
مولانا مُفتی احمد خان صاحب
اُستاذ و رفیق شعبہ دار الافتاء، جامعہ فاروقیہ، کراچی
امام و خطیب جامع مسجد الفلاح (ٹرسٹ)

مَکتبۃُ الإرشاد

دوکان نمبر ۸، ریلوے اسٹیشن، رفاہ عام سوسائٹی، ملیر ہالٹ، کراچی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

پیش لفظ

الحمد للّٰہ و کفی والصلوۃ والسلام علی عبادہ الذین اصطفی، أما بعد!

تجربہ اس بات پر گواہ ہے کہ آج کل کی مصروف دنیا، بطور خاص پڑھا لکھا اور سمجھدار طبقے میں لمبی چوڑی تقاریر اور قصے کہانیوں کے بجائے مختصر، سہل اور عام فہم انداز میں، عملی زندگی سے متعلق جو بات کی جائے نہ صرف مخاطب اس کو سنتا اور اخذ کرتا ہے بلکہ اس پر عمل بھی کرتا ہے، اس بات کا مشاہدہ ہم نے اس وقت بھی کیا جب ہم نے مختصر سی نشست میں اپنی بساط کے مطابق روزانہ ایک حدیث، ایک مسنون دعا، اور نماز وطہارت کے کچھ بنیادی مسائل کی تعلیم شروع کی، یہ ہمارا تجرباتی پروگرام تھا، لیکن اللہ کے فضل وکرم سے لوگوں کی توجہ، دلچسپی، طلب اور میلان ہم جیسے کمزور اور ناتواں لوگوں کے لیے مزید حوصلہ افزائی کا سبب بنا اور یوں پورے رمضان میں یہ ترتیب بہت کامیاب اور مفید رہی۔

اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطاء فرمائے ہمارے دار الفلاح کے تمام ساتھیوں کو بطور خاص مکتبہ الارشاد کے احباب کو کہ انہوں نے حفاظت اور افادہ عام کے پیشِ نظر اس مواد کو چھپوانے کی ترتیب بنائی۔ مزید کراچی سمیت اندرون ملک میں جون جولائی کی تعطیلات کی مناسبت سے اسکول، کالج اور یونیورسٹیز کے طلبا کے لئے "تعلیم وتربیتی کورس" کے نام سے سمر کلاسز کا اہتمام کیا، اس میں اس رسالہ کو بطور نصاب پڑھایا اور یاد کرایا گیا، جو کہ اللہ کے فضل سے انتہائی زیادہ مفید اور حیران کن انداز میں مقبول ہوا۔ اللھم لك الحمد ولك شكر

گذشتہ رمضان کی طرح اس رمضان (۱۴۳۲ھ) میں بھی سیکھنے سکھانے کا تسلسل جاری رہا، جس میں روزانہ قرآنِ کریم کی آیاتِ احکام میں سے ایک آیتِ مبارکہ، گذشتہ چالیس مسنون دعاؤں کے علاوہ ایک مسنون دعا، زکوۃ فطرہ کے چند بنیادی مسائل اور کچھ اغلاط والعوام کا مذاکرہ کرایا گیا، مزید اس کے چالیس (۴۰) دروس پورے کر کے مکمل تربیتی کورس نمبر دو کی شکل دی گئی ہے۔

دعا ہے اللہ رب العزت اس حقیر کاوش کو قبول فرما کر اپنے نیک مقصد میں کامیابی نصیب فرمائے، اور اپنی رضا نصیب فرمائے۔

وصل اللّٰہ علی خیر خلقہ محمد آلہ وصحبہ اجمعین

احمد خان رحمہ الرحمٰن

Dr. Manzoor Ahmed Maingal
Principal Jamia Siddiquia
P.H.D. Jamshoro University Sindh
0322 - 2870363 , 0333 - 7974023

حضرت مولانا ڈاکٹر منظور احمد مینگل
رئیس جامعہ صدیقیہ
پی ایچ ڈی۔ سندھ یونیورسٹی جامشورو

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے استاذ ورفیق شعبہ دارالافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی مفتی احمد خان صاحب مدظلہ کو جنہوں نے ضروریاتِ دین کو عوام تک پہنچانے کے لئے دروس کی صورت میں ایک بہترین طریقہ اپنایا ہے، اور پھر انہیں دروس کو زیب قرطاس فرما کر عوام کے لئے استفادہ کو مزید آسان تر بنادیا ہے، اس سے پہلے چالیس روزہ تربیتی کورس کے نام سے موصوف کا ایک مجموعہ دروس شائع ہو کر لوگوں کے ہاتھوں سے چل کر ان کے دل ودماغ تک پہنچ چکا ہے۔

پہلے کورس میں چالیس احادیث، مسنون دعائیں اور طہارت ونماز کے بنیادی مسائل کو ذکر کیا گیا تھا جبکہ زیر نظر دوسرے مجموعہ میں چالیس آیاتِ کریمہ جو یا ایہا الذین آمنوا کے پیارے خطاب سے شروع ہوتی ہیں، اور چالیس دیگر مسنون دعائیں، زکوۃ اور فطرہ کے بنیادی اور اہم مسائل اور عوام الناس میں رائج بعض اغلاط وتوہمات پر نقد وجرح موجود ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ مفتی صاحب کی اس محنت کو شرفِ قبولیت سے نواز کر ذخیرہ آخرت بنائے، آمین۔

منظور احمد مینگل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

رجسٹرڈ نمبر 3504
فون نمبر 0228-31744

دارالعلوم الاسلامیہ

رجسٹرڈ

ہالا ضلع حیدرآباد پاکستان

ملحقہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان

تاریخ ____ حوالہ نمبر ____

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم اما بعد:

عزیزم مولانا مفتی احمد خان صاحب زید مجدہ استاذ و رفیق شعبہ دار الافتاء جامعہ فاروقیہ کراچی [illegible] ۵/ چھ سالوں سے ہائی اسکول و کالج کے طلبہ کو مختلف مساجد میں چالیس روزہ اسلامی تربیتی کورس کروا رہے ہیں جن میں مختصر سے وقت میں شرکاء کورس میں اسلام کی بنیادی و ضروری احکام سے آگاہی ہو جاتی ہے، نیز اس سے شرکاء میں دینی ذوق و شوق پیدا ہو رہا ہے نیز الحاد و دیگر فتنوں سے ان کی حفاظت بھی ہو رہی ہے

چنانچہ کورس ① میں ایک حدیث ایک مسنون دعا اور طہارت و نماز کے مسائل اور کورس ② میں ایک آیت باترجمہ ایک مسنون دعا اور زکوٰۃ و صدقۃ الفطر کے مسائل اور اغلاط العوام کو خاص طور پر شامل کیا گیا ہے،

اس طرح کے سمر کورسز نہایت ہی مفید اور نفع بخش ہیں اور اس کی ضرورت ہے کہ ان کو پورے ملک [illegible] میں جاری کیا جائے

اللہ تعالیٰ مولانا ممدوح زید مجدہ کی کاوشوں و مساعی کو شرف قبولیت بخشے اور مزید خدمات دینیہ کی سعادت بخشے آمین یا رب العالمین

این دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

خادم جامعہ دار العلوم الاسلامیہ ہالا
۲۳ رجب سنہ ۱۴۲۳ھ